ABC CERTIFIED

نوابشاہ، کراچی اور اسلام آباد سے شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت اخبار

CPNE MEMBER

DAILY PARWAN

روزنامہ

پروان

کراچی

رجسٹرڈ نمبر 3316

ایڈیٹر ان چیف: لیاقت علی ملک

Ph: 021-353210996

جلد نمبر 11 | منگل 24 نومبر 2026ء، 13 جمادی الثانی 1448ھ (قیمت 20 روپے) | شمارہ نمبر 12

عورت فاؤنڈیشن کا سینئر صحافی حسین نقی کے انتقال پر دکھ کا اظہار

صحافت، جمہوری اقدار اور انسانی حقوق کی جدوجہد کے لیے ایک ناقابلِ تلافی نقصان قرار دیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عورت فانڈیشن نے سینئر صحافی، ٹریڈ یونین رہنما، جمہوریت پسند اور انسانی حقوق کے علمبردار حسین نقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اسے صحافت، جمہوری اقدار اور انسانی حقوق کی جدوجہد کے لیے ایک ناقابلِ تلافی نقصان قرار دیا ہے۔ عورت فانڈیشن کی صدر انیس ہارون، خزانچی ڈاکٹر عالیہ ہاشمی خان، ایگزیکٹو ڈائریکٹر نعیم احمد مرزا اور چیف آپریٹنگ آفیسر ممتاز مغل نے اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں حسین نقی صاحب کی صحافت، آزادی اظہار، جمہوریت اور انسانی حقوق کے لیے طویل اور گراں قدر خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر محترمہ انیس ہارون نے کہا کہ حسین نقی نے اپنی پوری زندگی صحافت کی آزادی، جمہوری اقدار اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے جدوجہد کرتے ہوئے گزاری۔ وہ ایک اصول پسند صحافی اور باخبر سماجی شعور رکھنے والی شخصیت تھے جنہوں نے ہر دور میں حق اور سچ کا ساتھ دیا۔ حسین نقی مرحوم کی خدمات اور جدوجہد آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ رہیں گی۔ عورت فاونڈیشن نے اپنے بیان میں کہا کہ حسین نقی کے انتقال سے صحافت اور جمہوریت کا ایک روشن باب بند ہوگیا ہے۔ ان کے جانے سے ایسا خلا پیدا ہوا ہے جسے پر کرنا آسان نہیں ہوگا۔ ان کی فکر، جرات اور اصولی مقف ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے۔ عورت فانڈیشن کے رہنماں نے مرحوم کے اہلِ خانہ، صحافتی برادری، انسانی حقوق کے کارکنوں اور ان کے چاہنے والوں سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحوم کو جوارِ رحمت میں اعلی مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ ناقابلِ تلافی صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ اور صبر عطا کرے۔